Roll No ____________ to be filled in by the candidate    (For All Sessions)    Paper Code 6 0 2 7

اردو لازمی (معروضی) Rwp-11-1-23 گروپ - I    وقت: 30 منٹ    نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1-1 تلمیح لفظ ہے۔
(A) اردو زبان کا (B) فارسی زبان کا (C) عبرانی زبان کا (D) عربی زبان کا

2- تلمیح کے معنی ہیں۔
(A) دیکھنا (B) اشارہ کرنا (C) سمجھنا (D) پوچھنا

3- غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

4- مقطع ہوتا ہے۔
(A) غزل کا آخری شعر (B) غزل کا دوسرا شعر (C) غزل کا آخری شعر جس میں تخلص ہو (D) غزل کا پہلا شعر

5- ہو بہو دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) تحریف (D) تضمین

6- یہ شب یہ خیال و خواب تیرے - کیا پھول کھلے ہیں منہ اندھیرے | اس شعر میں ردیف کی نشان دہی کیجیے۔
(A) خیال و خواب (B) منہ اندھیرے (C) کوئی نہیں (D) تیرے

7- قافیہ غزل کے لیے ہے۔
(A) لازمی (B) غیر ضروری (C) غیر اہم (D) کچھ بھی نہیں

8- ---------- گھاس دیکھ کر دل خوش ہوا۔
(A) ہری ہری (B) ہرا ہرا (C) ہرے ہرے (D) ہرا ہی ہرا

9- جھاگ بیٹھ ---------۔
(A) گیا (B) گی (C) گئیں (D) گئے

10- "پطرس کے مضامین" چھپ ---------۔
(A) گئی (B) گئیں (C) گیا (D) گئے

11- پاکستان ---------- عوام محنت کش ہیں۔
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کیں

12- پولیس دھماکے کی آواز سن کر --------- ہو گئی۔
(A) چوکنی (B) چوکنے (C) چوکنیاں (D) چوکنا

13- اس دنیا کی بنیاد ہے۔
(A) عمل کی برابری پر (B) اختلافِ عمل پر (C) ایک جیسے عمل پر (D) بے عملی پر

14- "خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں"۔ یہ ایک نہایت آزمودہ --------- ہے۔
(A) کہاوت (B) بات (C) مقولہ (D) ضرب المثل

15- حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا۔
(A) سلمٰی (B) سکینہ (C) رضیہ (D) حمیرا

16- علامہ اقبال کو جس حکیم کی دوا سے فائدہ ہوا۔ اُس کا تعلق تھا۔
(A) دہلی سے (B) بنارس سے (C) کلکتہ سے (D) گورداس پور سے

17- پطرس بخاری کے مطابق نصف دریا کو اصطلاح میں کہتے ہیں۔
(A) راوی (B) بیاس (C) ستلج (D) راوی ضعیف

18- ایک چیز کو دوسری کے مانند قرار دینا ہے:
(A) استعارہ (B) تلمیح (C) تشبیہ (D) طرفینِ استعارہ

19- استعارہ کی بنیاد ہے۔
(A) حقیقت پر (B) مجاز پر (C) داخلیت پر (D) ظاہریت پر

20- طرفینِ استعارہ کہتے ہیں۔
(A) وجہ جامع (B) مشبہ اور مشبہ بہ کو (C) مستعار لہٗ اور مستعار منہٗ کو (D) مستعار کو



www.taleem360.com

Roll No __________ to be filled in by the candidate

Rwp-11-1-23

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ - I

وقت: 2:30 گھنٹے — نمبر: 80

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبّر بھی کیا تو نے؟
وہ کیا گردوں تھا، تُو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا؟

تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبّت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں، تاجِ سرِ دارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں
لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر
مجھ کو وہ میرے نام سے پہچان تو گیا

بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل مرا
گو رشک سے جلا ترے قربان تو گیا

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ایک چھوٹا سا سیاہ کنگھا، ایک رومال، ساڑھے چھ آنے ایک بجھا ہوا آدھا سگریٹ، ایک چھوٹی سی ڈائری جس میں لوگوں کے نام اور پتے لکھے تھے، نئے گراموفون ریکارڈوں کی ایک ماہانہ فہرست اور کچھ اشتہار جو مٹر گشت کے دوران میں اشتہار بانٹنے والوں نے اس کے ہاتھ میں تھما دیے تھے۔

(ب) نہ تم مجرم نہ میں گنہ گار۔ تم مجبور، میں ناچار۔ لو اب کہانی سنو میری زبانی سنو نواب مصطفیٰ خاں بہ میعاد سات برس کے قید ہو گئے تھے۔ سو ان کی تقصیر معاف ہوئی اور اُن کو رہائی ملی۔ صرف رہائی کا حکم آیا ہے۔ جہانگیر آباد کی زمینداری اور دلّی کی املاک اور پنشن کے باب میں ہنوز کچھ حکم نہیں ہوا۔ ناچار وہ رہا ہو کر میرٹھ ہی میں ایک دوست کے مکان میں ٹھہرتے ہیں۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ (9+1=10)

(الف) اوور کوٹ — (ب) سفارش

5۔ دلاور فگار کی نظم "لوکل بس" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ دو دوستوں کے درمیان سگریٹ نوشی کے نقصانات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

جلسۂ یومِ آزادی کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ کار فروخت کرنے کی رسید تحریر کیجیے۔ (10)

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص لکھیے۔ نیز اس کا کوئی مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (8+2=10)

آزادی کا مفہوم اور فلسفہ بظاہر بہت آسان لیکن باطنی طور پر بہت وسیع ہونے کے ساتھ ساتھ مشکل اور دقیق بھی ہے۔ انسان فطری طور پر ہر آزادی پر مر مٹنے والا ہے لیکن دنیاوی زندگی میں فطری آزادیاں ایک خاص عمر تک دی جاتی ہیں۔ اس کے بعد آزادی اور پابندی کا ایک امتزاج زندگی میں موجود رہتا ہے۔ گھر آنگن سے گلی محلے تک اور معاشرے سے لے کر حکومت و ریاست تک کے قوانین کی پابندی سب کو کرنا ہوتی ہے۔ یوں ہر آزادی کئی جزوی پابندیوں کے ہمراہ ہوتی ہے۔ ایک آزاد ریاست میں آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں مگر قانون کے دائرۂ کار کی پابندی کے ساتھ۔ اپنی سواری پر جہاں چاہیں جا سکتے ہیں لیکن سگنل نہیں توڑ سکتے۔ اپنی گاڑی کھلی سڑک کے درمیان میں روکنے کی آزادی کسی ملک کے عوام کو حاصل نہیں۔ پابندیاں ہی آزاد معاشروں کے حُسن کا بنیادی سبب ہوتی ہیں۔ سب سے اچھی آزادی دوسری قوم یا ریاست کے دام سے نکل جانے کی آزادی ہے۔ دوسروں کا مکمل غلام نہ رہنے کی آزادی۔



www.taleem360.com

Roll No ____________ to be filled in by the candidate (For all Sessions) Paper Code 6 0 2

نمبر: 20 — وقت: 30 منٹ — گروپ — II

اردو لازمی (معروضی)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

Rwp-11-2-23

1۔ جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے کہلاتا ہے۔
(A) ادات تشبیہ (B) حرف تشبیہ (C) غرض تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

2۔ "دلہن چاند کی طرح خوب صورت ہے" اس جملے میں "چاند" ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) حرف تشبیہ

3۔ مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہونا ضروری ہے۔
(A) برابر (B) موزوں (C) مناسب (D) ہم قافیہ

4۔ غزل کے آخری شعر میں شاعر کا تخلص نہ ہو تو کہلائے گا۔
(A) مقطع (B) آخری شعر (C) حسن مطلع (D) زیب مطلع

5۔ ردیف کے الفاظ ہمیشہ آتے ہیں۔
(A) قافیہ سے پہلے (B) قافیہ کے بعد (C) مصرعے کے درمیان میں (D) مصرعے کے شروع میں

6۔ جس غزل کی ردیف ہو اسے کہتے ہیں۔
(A) مردف غزل (B) غیر مردف غزل (C) مسلسل غزل (D) نثری غزل

7۔ ردیف سے پہلے آنے والے ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) مرکب الفاظ (C) مستقل الفاظ (D) عام الفاظ

8۔ دس روپے ------ گوند خرید لاؤ۔
(A) کی (B) کا (C) کے (D) کیں

9۔ پیاز کس بھاؤ بک ------ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہیں

10۔ میں نے منڈی سے دو من گندم ------۔
(A) خریدے (B) خریدیں (C) خریدا (D) خریدی

11۔ میرے قلم ------ نب خراب ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

12۔ سب لڑکوں نے مل کر تاش ------۔
(A) کھیلا (B) کھیلی (C) کھیلے (D) کھیلیں

13۔ حاتم طائی تلاش کرنے نکلا تھا۔
(A) کوہ ہمالیہ (B) کوہ ہندوکش (C) کوہ قاف (D) کوہ ندا

14۔ لاہور کی مشہور ترین پیداوار ہے۔
(A) انجمن سازی (B) رسالہ سازی (C) طلبہ (D) گندم

15۔ الجھن کے باپ نے بیڑی بجھا کر رکھی۔
(A) میز پر (B) چارپائی پر (C) جیب میں (D) کان پر

16۔ اسلام میں دو چیزیں اہم ہیں۔
(A) نماز اور روزہ (B) کلمہ اور ایمان (C) توحید اور رسالت (D) کتاب اور سنت

17۔ ڈاکٹر لی کارک نے "تعریف" کا ترجمہ کیا۔
(A) انگریزی میں (B) فرانسیسی میں (C) لاطینی میں (D) یونانی میں

18۔ "وجہ جامع" رکن ہے۔
(A) تشبیہ کا (B) تلمیح کا (C) استعارہ کا (D) کنایہ کا

19۔ استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔
(A) حقیقی معنی میں (B) مجازی معنی میں (C) لغوی معنی میں (D) اصلی معنی میں

20۔ "اک کھیل ہے اورنگ سلیماں مرے نزدیک" مصرع میں ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) تلمیح



www.taleem360.com

H.S.S.C. (Part-I) A / 2023

Roll No __________ to be filled in by the candidate (For All Sessions)

**گروپ - II**

اردو لازمی (انشائیہ)

Rwp-11-2-23

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (1+1+8=10)

اشکوں سے ترے دین کی کھیتی ہوئی سیراب — انساں کو شرارت سے [illegible] بنایا

فاقوں نے ترے دہر کو بخشا سر و ساماں — تہذیب و تمدن ہے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3+3+3=10)

رسمِ جفا کامیاب دیکھیے کب تک رہے

حبِ وطن مستِ خواب دیکھیے کب تک رہے

دل پہ رہا مدتوں، غلبۂ پاس وہراس

قبضۂ حزم و حجاب، دیکھیے کب تک رہے

تا بہ کجا ہوں دراز، سلسلہ ہائے فریب

ضبط کی لوگوں میں تاب، دیکھیے کب تک رہے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+1+3+10=15)

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ب) ایک عام خوش فہمی جس میں تعلیم یافتہ اصحاب بالعموم اور اردو شعرا بالخصوص عرصے سے مبتلا ہیں، یہ ہے کہ مُرغ صرف صبح اذان دیتے ہیں۔ اٹھارہ مہینے اپنی عادات و خصائل کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ یا تو میں جان بوجھ کر عین اس وقت سوتا ہوں جو قدرت نے مُرغ کے اذان دینے کے لیے مقرر کیا ہے یا اَدبدا کر اس وقت اذان دیتا ہے جب خدا کے گناہ گار بندے خوابِ غفلت میں پڑے ہوں۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1= 10)

(الف) اپنی مدد آپ (ب) دوستی کا پھل

5۔ دلاور فگار کی نظم "لوکل بس" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ دو دوستوں کے درمیان "موبائل فون" کے فوائد اور نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

کالج میں "یومِ یکجہتیٔ کشمیر" کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ موٹر سائیکل فروخت کی رسید لکھیے۔ (10)

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص لکھیے۔ نیز اس کا کوئی مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (8+2=10)

مہنگائی کا جن کسی طور بھی قابو میں نہیں آ رہا۔ نچلے اور مفلس طبقہ کے حالات تو ہمیشہ ہی ناگفتہ بہ رہے ہیں لیکن اب تو وہ لوگ بھی مہنگائی کے عذاب سے ہلکان نظر آتے ہیں جو بظاہر مڈل کلاس کے کھاتے پیتے گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں عام آدمی کی رسائی سے دور ہو رہی ہیں۔ گھی، چاول، آٹے اور یہاں تک کہ سبزیوں کی قیمتیں تسلسل کے ساتھ بڑھتی ہی جا رہی ہیں۔ دوسری طرف ہمارا طبقۂ اُمرا اس حوالے سے مکمل طور پر بے حس ہے۔ کاش ہمارے امرا یہ دیکھنے کی کوشش کرتے کہ مفلس و نادار کے گھر کی ویرانی کتنی بڑھ چکی۔ کاش یہ لوگ سوچ ہی سکتے کہ سارا دن اینٹ پتھر ڈھونے والے اُس مزدور کے لیے گھی اور آٹے کی گرانی کیا معنی رکھتی ہے جس کے بچے سارا دن انتظار میں رہتے ہیں کہ ابا کما کر آئے گا تو ہمارے گھر بھی روٹی پکے گی۔



www.taleem360.com